Fikr-o-Nasar (Islamabad) 25:2 (1987)
© rasailojaraid.com

# سلسلۂ شطّاریہ بہار میں

ڈاکٹر فضیل احمد قادری

تصوف اسلام کی تاریخ میں سلسلہ شطاریہ واحد روحانی سلسلہ ہے جس کا نام روحانی خصوصیت کی وجہ سے رائج ہے ورنہ تمام سلاسل کسی جگہ یا کسی روحانی پیشوا کے نام سے موسوم ھیں ۔ یہ سلسلہ حضرت بایزید طیفور بسطامی (۱) سے منسوب ہے ۔ اس کی وجہ تسمیہ کے متعلق بہت سی آراء ھیں ، مناھج الشطار کے مصنف کی رائے بہت جامع ہے ، وہ لکھتے ھیں :

شطار صیغۂ مبالغہ شاطر است الشطر بمعنی جانب و طرف آید ۔ چوں طالب حق روئے همت ازهر سوگردانید متوجه قبلۂ جمال الٰہی باشد شاطر شد ـ چوں فناء نفس وھوا واماتت آں درملاحظه توحید ذات وصفات و افعال الٰہی نمود وماسوی الله راعدم دید واصل حقیقی شد، شطار اطلاق یافت ولفظ شطار در رساله حضرت نجم الدین کبری بالفظ اخیار و ابرار مذکور شده است ایں همه لفظ جمع اند پس شطار هم جمع شاطر بضم باشد چنانچه جهال وعقال و حکام که جمع جاهل و عاقل و حاکم بضم است تاحسن مقابله اخیار و ابرار باشد و در طرح شطار بمعنی شطرنج باز و شتر تیز رو و کودک شوخ گفته ایں معنی دریں طایفه یافته می شود که حق تعالی مجاهدان فی الله که حق جهاد که معرفت ذات وصفات الٰہی حاصل می نماید و وعده مشاهده رویت خود اینها را بعد مرگ طبعی در دار آخرت نموده که بقدر معرفت ایں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جہاں رویت و مشاہدہ درآں جہاں خواہد بخشید ۔ چوں طایفہ موعودہ آخرت را بمرگ ارادی دریں جہاں خواستند پس ہم شوخ و تیز رو و بازندہ خودی نامیدہ شدند (۲) ۔

( شطار شاطر کا صیغۂ مبالغہ ہے۔ الشطر کے معنی جانب اور طرف کے ہوتے ہیں ۔ جب طالب حق ہر طرف سے روگردانی کرکے جمال الہی کے قبلہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو شاطر ہو جاتا ہے چونکہ اس میں وہ فنا نفس وہوا اور اماتت، ملاحظہ توحید اور ذات و صفات الہی سے دوچار ہوتا ہے۔ اللہ کے سوا کسی کو نہیں دیکھتا اور واصل حقیقی ہوتا ہے یوں شطار کا اطلاق اس پر ہونے لگتا ہے۔ لفظ شطار رسالہ حضرت نجم الدین کبری میں اخیار و ابرار کے ساتھ استعمال ہوا ہے۔ یہ تمام الفاظ جمع ہیں ۔ چنانچہ شطار بھی جمع ہوا جیسا کہ جہال، عقال و حکام جاہل ، عاقل اور جاکم کی جمع ہے تاکہ ابرار و اخیار کے ساتھ حسن مقابلہ ہو سکے ۔ شطار ، شطرنج باز، شتر تیز رو اور شوخ بچہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ یہ لفظ ان لوگوں کے لئے بھی استعمال کیا گیا ہے جو معرفت ذات اور صفات الہی کے لئے جہاد کرتے ہیں کیونکہ اس کے ذریعہ اللہ تعالی انہیں بعد مرگ طبعی آخرت میں اپنے رویت اور مشاہدے سے نوازے گا ۔ چونکہ یہ لوگ آخرت مرگ ارادی سے اس جہاں میں حاصل کرتے ہیں لہذا شوخ، تیز رو اور بازندۂ خودی کہلاتے ہیں ۔ )

شیخ قاضن شطاری اپنے ملفوظ میں فرماتے ہیں : الشطر القریب (۳)

اور آگے چل کر پھر فرماتے ہیں :

شغل شطار حضرت رسالت پناہ را جبرئیل در آخر عمر تلقین کردہ اند (۴) ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(شغل شطار حضرت رسالت پناہؐ کو جبرئیل نے آخیر عمر میں تلقین کیا ۔ )

یہ سلسلہ ہندوستان میں فردوسیہ کے نام سے بھی موسوم ہے ۔ چنانچہ مخدوم شعیب فردوسی کا خیال ہے کہ دراصل یہ سلسلہ شطاریہ ھی ہے چونکہ حضرت شیخ رکن الدین فردوسی کے نام سے مشہور ہوئے اس لئے یہ سلسلۂ ہندوستان میں فردوسیہ کے نام سے مشہور ہوا (۵) بعد میں شاہ عبداللہ شطار سے جو سلسلہ ہندوستان میں قائم ہوا اس نے شطاریہ کے نام سے شہرت پائی ۔ دراصل فردوسیہ اور شطاریہ سلاسل سلسلہ خواجگان سے متعلق ھیں ۔ سلسلہ شطاریہ بخارا میں عشقیہ اور روم میں طیفوریہ یا بسطامیہ کے نام سے مشہور ہوا (۶) ۔

سلسلہ طیفوریہ ، بسطامیہ کے اول ترین بزرگ جو شطار کے نام سے مشہور ہوئے شاہ عبداللہ ھیں ، انھوں نے ریاضت شاقہ کے بعد شغل علم شطار حاصل کیا تھا ۔ چنانچہ ان کے پیر شیخ عارف انہیں عبداللہ شطار کہہ کر مخاطب فرماتے تھے ۔ یوں سلسلہ شطار ان سے منسوب ہوا اور پھیلا (۷) ۔ شاہ عبداللہ شطار پندرھویں صدی عیسوی کے ربع آخر میں ہندوستان تشریف لائے اور برصغیر کا ایک طوفانی دورہ کیا اور آخر میں مانڈو میں مستقل سکونت اختیار کرلی اور وھیں ۱۴۸۵ء میں داعی اجل کو لبیک کہا (۸) ۔

ہندوستان میں شاہ عبداللہ شطار کے دو خلفاء شیخ محمد قاضن اور شیخ محمد حفیظ جونپوری ہوئے ۔ زیر نظر مقالے میں شیخ محمد قاضن اور ان کی اولاد کی زندگی ، تعلیمات اور سلسلہ شطاریہ کی ترویج و اشاعت میں ان کی مساعی کا جائزہ لیا گیا ہے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شیخ محمد قاضن شطاری کے اجداد دیار عرب سے آکر بہار کے قصبہ میں آباد ہوئے ۔ بہار میں عہد وسطی کی تاریخ میں قصبہ منیر کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہ قصبہ موجودہ شہر پٹنہ کے مغرب میں ۲۵ کیلو میٹر کی دوری پر واقع ہے ۔ مسلمانوں کے ابتدائی عہد حکومت میں مشرقی ہندوستان میں رشد و ہدایت اور تصوف و عرفان کے سوتے اسی قصبے سے پھوٹے ہیں ۔ شنگ اور موریہ عہد سے متعلق آثار قدیمہ کے جو مآخذ اس علاقے میں ملے ہیں ان کی رو سے یہ علاقہ ۶۰۰ سال قبل مسیح سے آباد تھا (۹) ۔ لیکن قصبہ منیر کا نام واضح طور پر ۱۲۲۶ءکے تانبے کے ایک دان پتر میں ملتا ہے جو قنوج کے گرھوال راجہ گووند چندر دیو نے منیر کے ایک برھمن گینشور سرمن کو عطا کیا تھا ۔ :

,, جلیل القدر فرمانروا گووند چندر باخبر کرتا ہے اور ہدایت جاری کرتا ہے ان لوگوں کے نام جو منیر ڈویژن کے پنڈالی اور گوناڈی گاؤں میں رہتے ہیں ۔ واضح ہو کہ مذکورہ گاؤں زمین وپانی ، دھات کی کانیں ، نمک کے ذخائر، مچھلیوں کے تالاب، خندق و خشکی، درخت اور آم کے جنگلوں کے ساتھ برھمن ٹھاکر سری گینشور سرمن کو اتوار، جیٹھ کی ۱۱ تاریخ ۱۱۸۳ سپرد کرتا ہے ۔ بموجب حکم تم لوگ اپنے بقایا مالگذاری، تجارتی ٹیکس اور ترکوں کے ٹیکس کے ساتھ ادا کرو (۱۰) ،، ۔

قصبہ منیر سے متعلق جس اول مسلمان ہستی کا ذکر ملتا ہے وہ مومن عارف کی تھی ۔ کہا جاتا ہے کہ سلطنت دھلی کے قیام سے قبل وہ بغرض اشاعت اسلام اس علاقے میں آئےاور منیر کے ہندو راجہ کی ایذا رسانی سے تنگ آکر مدینہ روانہ ہوئے جہاں انھوں نے اپنی روداد بیت المقدس کے محلہ قدس خلیل کے رھنے والے امام محمد تاج فقہیہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے بیان کی ۔ تاج فقیہہ انکی مدد پر کمر بستہ ہوئے اور مجاہدین کی ایک جماعت لیکر منیر تشریف لائے ۔ راجہ نے راہ فرار اختیار کرنا چاہی مگر بھاگ نہ سکا اور تاج فقیہہ کے ہاتھوں مارا گیا، اسطرح منیر فتح ہوا (۱۱) لیکن تاج فقیہہ کا دل یہاں نہیں لگا (۱۲) اور اپنے بیٹوں شیخ محمد اسرائیل (۱۳) اور شیخ محمد اسماعیل (۱۴) جن کی والدہ کا انتقال ہو چکا تھا منیر میں چھوڑ کر اپنے وطن قدس خلیل روانہ ہو گئے جہاں انہوں نے اپنی سالی سے نکاح ثانی کیا اور اس نکاح سے شیخ عبدالعزیز (۱۵) پیدا ہوئے جو اپنے والد کے انتقال کے بعد اپنے سوتیلے بھائیوں کے پاس منیر آ گئے ۔

مومن عارف اور امام محمد تاج فقیہہ کی شخصیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا ۔ اول الذکر کا مزار منیر میں موجود ہے اور موخر الذکر کی اولاد منیر ، بہار شریف، ترہت (شمالی بہار )، کاکو اور دیگر مقامات پر موجود ہے مگر تاریخ کے طالب علم کے لئے بغیر کسی معاصر ثبوت کے یہ بڑا اہم سوال ہے کہ کیا واقعی تاج فقیہہ منیر آئے تھے اور آئے تو کب ؟ معاصر تذکرہ کوئی نہیں ہے ۔ مخدوم شعیب فردوسی نے مناقب الاصفیاء میں تاج فقیہہ اور فتح منیر کے سلسلے میں کچھ نہیں لکھا ۔ فرزند علی صوفی منیری نے مناقب الاصفیاء کے ترجمے میں کچھ اضافے کئے اور فتح منیر کا واقعہ تحریر کیا ، بعد کے تذکرہ نگاروں نے اسے من و عن قبول بھی کر لیا (۱۶) ۔

اختیار الدین بن بختیار خلجی کے حملے سے پہلے بہار اور مشرقی ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد کی کوئی اطلاع نہیں ملتی ۔ بجز اس کے کہ کچھ مقامات پر مقابر موجود تھے (۱۷) مگر یہ بات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی ابھی تحقیق طلب ہے۔ بختیار خلجی نے ۱۱۹۹ء میں بہار اور مشرقی ہندوستان کو فتح کیا (۱۸) ممکن ہے تاج فقیہہ بختیار خلجی کے لشکر کے ساتھ منیر آئے ہوں (۱۹)، یہ ممکن ہے کہ وہ خود نہ آئے ہوں اور اپنے بیٹوں شیخ محمد اسرائیل اور شیخ محمد اسمعیل کو بھیجا ہو اور شیخ عبدالعزیز اپنے والد کے انتقال کے بعد اپنے بھائیوں کے پاس منیر آ گئے ہوں۔

تاج فقیہہ کے بڑے صاحبزادے شیخ محمد اسرائیل منیر میں رہے اور اشاعت دین میں مشغول ہوئے ان کے صاحبزادے شیخ یحیی منیری تھے جن کے بیٹے شیخ شرف الدین احمد (۱۳۸۱ ـ ۱۲۶۳ء) نے بہار اور اس کے نواح میں سلسلہ فردوسیہ کو فروغ دیا اور اپنے عہد کی ممتاز روحانی شخصیت کی حیثیت سے شہرت پائی

شیخ محمد اسمعیل تاج فقیہہ کے دوسرے صاحبزادے تھے۔ مشہور ہے کہ اپنے والد کے حکم سے وہ گنگا ندی کے شمالی جانب ترہت کے علاقے میں آباد ہوئے اور اشاعت دین اور اعلائے کلمۃ الحق میں مشغول ہوئے۔ ترہت میں ان کا قیام کس جگہ رہا یہ بات پورے وثوق سے نہیں کہی جا سکتی، مگر چونکہ ان کی اولاد موجودہ ویشالی ضلعے کے بنیا بساڑھ اور جندھا میں آباد رہی لہذا کہا جا سکتا ہے کہ دریائے گنگا کے کنارے ھی ان کا مستقر رہا ہوگا۔ شیخ محمد اسمعیل کی ساتویں پشت میں شیخ محمد قاضن شطاری پیدا ہوئے جن سے سلسلہ شطاریہ بہار اور ہندوستان کے دوسرے علاقوں میں اشاعت پذیر ہوا۔ شیخ قاضن شطاری کا شجرہ نسب اس طرح ہے (۲۰)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امام محمد تاج فقیہہ

| | | |
|---|---|---|
| شیخ محمد اسرائیل (جد امجد شیخ شرف الدین احمد ) | شیخ محمد اسمعیل منیری ثم ترھتی | شیخ عبدالعزیز (اولاد کاکو ضلع گیا میں آباد ہوئی) |

شیخ محمد ابراهیم — شیخ منہاج الدین — شیخ صلاح الدین — شیخ ضیاء الدین

شیخ صلاح الدین
شیخ سلیمان
شیخ علی
شیخ جمال
شیخ عالم
شیخ محمد علا
شیخ فیض اللہ ابو محمد عرف محمد قاضن شطاری

شیخ فیض اللہ ابو محمد عرف شیخ محمد قاضن شطاری (۲۱) ہندوستان کے پہلے بزرگ ہیں جن کے ذریعے شطاریہ سلسلہ اور اس کی تعلیمات عام ہوئیں ۔ آپ کی تعلیم و تربیت کہاں تک ہوئی اور مروجہ علوم ظاہری سے کہاں تک واقف تھے اس سلسلے میں کوئی تحریری بیان نہیں ملتا ۔ معدن الاسرار (۲۲) جو آپ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے اس امر میں خاموش ہے لیکن ملفوظات کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک عالم متبحر اور عظیم صوفی کے بیانات ہیں ۔ ممکن ہے آپ کی تعلیم و تربیت اس زمانے کے رواج کے مطابق گھر میں ہوئی ہو ۔ شیخ محمد قاضن شطاری کی شادی شیخ زاھد بن شاہ بدھا چشتی کی صاحبزادی سے ہوئی (۲۳) ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شیخ زاهد چشتیہ سلسلہ کے بزرگ تھے ممکن ہے انہوں نے شیخ محمد قاضن کو اپنے سلسلے کی کچھ تعلیمات بھی دی ہوں ۔ شیخ محمد قاضن مخدوم شرف الدین احمد کے مزار پر اکثر مراقب ہوتے تھے اور وہیں سے شاہ عبداللہ شطار کی خدمت میں جانے کی بشارت ملی تھی (۲۴) ۔

شیخ محمد قاضن شطاری کے پیر و مرشد شاہ عبد اللہ شطار (۲۵)، شیخ شہاب الدین سہروردی کی اولاد (۲۶) میں سے تھے اور بیعت و خلافت شیخ محمد عارف سے تھی (۲۷) ۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا بیان ہے کہ :

شاہ عبداللہ سطوت و شوکت ظاہر و باطن داشت (۲۸)

ان کے جسم پر شاہی لباس اور ہمراہیوں کے جسم پر فوجی وردی ہوتی تھی ۔ اسی شان سے سیاحی کرتے تھے اور کسی کسی مقام پر ٹھہر کر اعلان کرتے تھے :۔

طالبے ہست کہ بیاید تا او را بخدا راہ نمایم (۲۹)

شیخ محمد قاضن شطاری (۳۰) نے شمالی بہار میں ترہت کے علاقے کو اپنی تبلیغ کا مرکز بنایا اور سلسلہ شطاریہ کی اشاعت میں مشغول ہوئے ۔ انہوں نے اپنے سلسلے کی اجازت اپنے تینوں صاحبزادوں شیخ اویس، شیخ عبدالرحمن اور ابو الفتح ھدیۃ اللہ سرمست، داماد میر سید علی عرف منجھن شطاری اور شیخ ظہور حاجی حمید حصور کو دی جن کے ذریعے یہ سلسلہ ہندوستان کے طول و عرض میں پھیلا ۔

شیخ اویس المعروف بہ مخدوم شہید نے مظفر پور اور سارن کے اضلاع میں سلسلہ شطاریہ کی ترویج کی اور وہ چیرو قبیلے کے ہاتھوں اس وقت شہید ہوئے جب اس قبیلے میں اسلام کی اشاعت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی غرض سے تشریف لے گئے اور ایک مسجد کی بنا ڈال رہے تھے (۳۱) اس زمانے میں مظفر پور اور سارن میں چیرو قبیلے کا بڑا زور تھا ـ اس علاقے میں چیرو راجاؤں کے قلعے کے کچھ آثار کننگھم کو بھی ملے تھے (۳۲) ـ بہار اور اس کے نواح میں شطاری سلسلہ شیخ اویس کی اولاد سے جاری رہا ـ

شیخ شہاب الدین المعروف بہ شیخ عبدالرحمن شطاری شیخ محمد قاضن کے دوسرے صاحبزادے تھے ـ آپ کا مزار سریا گنج ضلع مظفر پور میں ہے ـ شیخ جلال الدین حافظ ناصحی سارنی عرف حافظ منجھن آپ کے خلیفہ تھے جن سے یہ سلسلہ شیخ دولت منیری (م ۱۶۰۸ء) کو پہنچا (۳۳) ـ

شیخ محمد قاضن شطاری کے تیسرے اور چھوٹے صاحبزادے شیخ ابو الفتح ھدیة اللہ سرمست ھیں جو سب سے زیادہ مشہور ہوئے ـ شیخ ابوالفتح ھدیة اللہ (۱۴۷۷ ـ ۱۵۳۷) نے علوم معقول و منقول اور علوم عجائب و غرائب اپنے والد سے حاصل کئے ـ سترہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہوئے ـ هادي سرمست (۸۸۲ھ) سے آپ کی تاریخ پیدائش نکلتی ہے اور محو تجلیات (۹۴۴ھ) الٰہی سے تاریخ وصال ، ابدی سے تاریخ خلافت اور احمدي (۹۲۳ھ) سے تاریخ عمر (۳۴) ـ

شیخ ابو الفتح ھدیة اللہ سرمست کے بعد آپ کے اکلوتے صاحبزادے شیخ عبدالوھاب عرف رکن الدین مسند ارشاد پر بیٹھے ـ اپنے والد کے علاوہ یہ اپنے چچا بزرگوار شیخ عبدالرحمن سے بھی مجاز تھے (۳۵) ـ شیخ رکن الدین صورت و سیرت علم وعمل اور حال وقال میں پدر بزرگوار کی مثل تھے (۳۶) ـ شیخ کمال الدین سلیمان قریشی آپ کے خلیفہ تھے (۳۷) ـ شیخ رکن الدین نے اپنے داماد شیخ جلیل اللہ عرف علاء الدین شطاری ابن شیخ بایزید عرف علی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شطاری ابن شیخ اویس کو اپنا جانشین نامزد فرمایا ۔ شیخ علاء الدین کو اپنے والد اور اپنے عم بزرگوار شیخ ابوالفتح ھدیة اللہ سرمست دونوں سے اجازت و خلافت حاصل تھی (۳۸) ۔

شیخ علاء الدین شطاری کے انتقال کے بعد ان کے صاحبزادے شیخ عبدالباقی عرف شیخ قطب الدین محمود شطاری نے بہار میں سلسلہ شطاریہ کی ذمہ داری سنبھالی ۔ والد بزرگوار کے علاوہ آپ کو اپنے جد مادری شیخ رکن الدین سے بھی اجازت و خلافت تھی (۳۹) ۔ شیخ قطب الدین محمود کے دو صاحبزادگان تھے ۔ بڑے شیخ عبدالمومن عرف شیخ محی الدین (م ۱٦٥۹ء) اور چھوٹے شیخ عبد المہیمن عرف شیخ معین الدین شطاری ۔ والد کے بعد شیخ محی الدین شطاری صاحب سجادہ ہوئے اور اپنے برادر زادے شیخ عین الدین عبدالباری عرف رکن الدین احمد شطاری کو اپنا جانشین نامزد فرمایا (۴۰) ۔

شیخ رکن الدین احمد شطاری ( ۱۷۰٥ ـ ۱٦۲٦ء) سترھویں صدی میں بہار میں سلسلہ شطاریہ کے مجدد تھے ۔ آپ ایک عالم متبحر اور عظیم روحانی پیشوا تھے ۔ آپ کے ملفوظات جو آپ کے خلیفہ میر امام الدین راجگیری نے جمع کئے ھیں سلسلہ شطاریہ کا اھم لٹریچر ہے (۴۱) ۔ علاوہ ازیں تاریخ کے طالب علم کے لئے اس میں بڑے دلچسپ بیانات ھیں جن سے اس عہد میں صوبہ بہار کی تاریخ و تمدن پر روشنی پڑتی ہے ۔ شیخ رکن الدین جندھا کی خانقاہ میں مقیم رہے اور ھمہ وقت شغل شطار میں مشغول رہے اور اسی کی تعلیم اپنے مریدین و متوسلین کو دیتے رہے ۔ ان کے ملفوظات میں جن کتابوں اور ان کے مختلف نسخوں کا ذکر ہے ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کا علم بڑا وسیع تھا اور مطالعے کے بے حد شوقین تھے ۔ ان کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خانقاہ علم شریعت اور علم معرفت کا ایک اہم مرکز تھا جہاں تشنگان علم اور وابستگان طریقت کا مجمع لگا رہتا تھا ۔

شیخ رکن الدین شطاری بجا طور پر بہار میں قاضن شطاری کی اولاد میں اس سلسلے کی آخری اہم شخصیت تھے اور اپنے بزرگوں کی عظیم روایات کے امین بھی ۔ آپ کے وصال پر میر امام الدین راجگیری نے قطعہ تاریخ (۳۲) لکھا :

پاس نفسی کہ واپسیں است — در حضرت شیخ رکن دیں است
جاں داد بذکر اللہ — تاریخ وفات او ازیں است
۱۱۱۷ھ/۱۷۰۵ء

دیگر

از انس آں شہ عالی مقام
شادماں جاں داد اندر یاد ذات ★
۱۱۱۷ھ/۱۷۰۵ء

شیخ رکن الدین شطاری کے بعد اپ کی صاحبزادی کے نواسے شیخ محمد شفیع شطاری سجادہ نشین ہوئے (۳۳)۔

شیخ رکن الدین شطاری کے خلیفہ میر امام الدین راجگیری (۱۷۱۷ ۔ ۱۶۳۸ء) بہار میں سلسلہ شطاریہ کے دور اخیر میں ایک قد آور شخصیت کے مالک تھے (۳۴) ۔ میر امام الدین شیخ محمد قاضن شطاری کے داماد میر سید علی عرف منجھن دانشمند کی اولاد میں ساتویں پشت سے تعلق رکھتے تھے (۳۵) ۔ آپ کا خاندان علمی و روحانی لحاظ سے ہمیشہ ممتاز رہا ۔ تعلیم اپنے والد میر سید تاج الدین شطاری سے حاصل کی اور ان سے ھی سلسلہ شطاریہ میں بیعت و مجاز بھی تھے (۳۶) ۔ اپنی جوانی کے ایام میں کئی بار بنگال کا سفر کیا اور شاہ نعمت اللہ فیروز پوری (م ۱۶۶۴ء) سے ملاقاتیں

★ قواعد ابجد کے اعتبار سے مصنف نے تاریخ وفات کے جو اعداد نکالے وہ محل نظر ھیں (ادارہ) .

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیں اور استفادہ کیا (۴۷) ۔ ایک بار انھوں نے شاہ نعمت اللہ سے کچھ وصیت کرنے کو فرمایا تو شاہ نعمت اللہ نے فرمایا :

وصیت تو قرآن است هر چه خواهی از قرآن بخوان و برآں عمل نما (۴۸) ۔

تمہارے لئے قرآن کی وصیت ہے جو کچھ پڑھنا چاھو اسی سے پڑھو اور اس پر عمل کرو ۔

میر امام الدین راجگیری نے سلسلہ شطاریہ کی تعلیمات شرح کے ساتھ اپنی تصنیف مناھج الشطار میں درج کی ھیں جن کا ذکر پچھلے اوراق میں آ چکا ہے ۔ ,, ملفوظات رکن الدین شطاری ،، بھی ان کی تالیف ہے ۔ اس کے علاوہ ان کی ایک اور تالیف ,, اوراد امام الدین راجگیری ،، ہے جس میں صرف اوراد ووظائف جمع کئے ھیں (۴۹) امام الدین راجگیری کی تصانیف کا جائزہ لینے کے لئے اس مختصر سے مقالے میں گنجائش نہیں ہے ۔ لھذا ان پر علیحدہ مقالے میں محاکمہ کیا جائے گا (۵۰) ۔

## تعلیمات :

شیخ محمد قاضن شطاری کے ملفوظات کا مجموعہ معدن الاسرار سلسلہ شطاریہ کی تعلیمات کا پیش بہا خزانہ ہے اور ھندوستانی شطاری بزرگوں کا تحریر کردہ پہلا لٹریچر ہے ۔ اس سے قبل شاہ عبداللہ شطاری نے رسالہ لطائف غیبیہ تصنیف کی تھی ۔ مگر شاہ عبداللہ ھندوستانی نہیں تھے وہ خراسان سے تشریف لائے تھے انھوں نے اپنی کتاب سلطان غیاث الدین خلجی فرمانروائے مالوہ کے نام ترتیب دی اور اس میں توحید کے اسرار ، وجد کے اطوار اور طریقت و حقیقت کے دقائق بیان فرمائے (۵۱) ۔ معدن الاسرار میں شیخ محمد قاضن نے شطاریہ سلسلہ کی تعلیمات کا نچوڑ پیش کیا ہے وہ توبہ سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اپنا بیان شروع کرتے ہیں اور برزخ، تصور ، مرشد، ذکر اسم ذات ، اسماء وصفات ، مراقبہ، محاسبہ، مواعظ ، اذکار ،سیر الی اللہ ، وصول حق، ذکر نفی واثبات ، خودی و بیخودی، مجاهده ظاهری وباطنی، مشرب شطار ، فنافی الشیخ، سکر و صحو، فنا و بقا، شریعت، طریقت، حقیقت ، عشق اور اس کی ماهیت ، دعوت اسماء ، کشف اور شغل آئینه بالتفصیل بیان فرماتے هیں ـ معدن الاسرار کے مرتب نے شیخ محمد قاضن کے ملفوظات کو اکسٹھ ابواب پر تقسیم کیا ہے اور شیخ کی تقریر کو پیران چهارده خانواده کے بیان پر ختم کیا ہے ـ

شیخ رکن الدین احمد شطاری نے اپنے ملفوظات میں درج بالا اجمال کی تفصیل پیش کی ہے ـ ان کے ملفوظات میں شغل آئینه ، دعوت اسماء اور اذکار و مراقبه پر بڑا زور ہے ـ تصوف کی تعلیمات کے ساتھ تاریخی واقعات اور صوفیائے متقدمین کی تصانیف مثلاً شیخ شرف الدین احمد منیری کی مکتوبات صدی، امام غزالی کی منهاج العابدین، قاضن شطاری کی معدن الاسرار ، مخدوم جلال الدین جهانیان جهاں گشت کی سراج الهدایه اور محمود شبستری کی گلشن راز پر تفصیلی بیانات موجود هیں ـ

میر امام الدین راجگیری کی کتاب مناهج الشطار سلسله شطاریه پر جامع تصنیف ہے جسے انهوں نے مقدمه اور پانچ مناهج پر تقسیم کیا ہے اور هر منهج میں دس سے پچیس تک فصول هیں جن میں انهوں نے اصول راہ سلوک، ارکان سلوک، ذکر و مراقبه ، اوضاع اذکار ، اسماء وصفات ، احوال و اذکار و اوصاف خواجگان شطار اور نتائج و ثمرات وصول الی اللہ پر شرح و بسط کے ساتھ روشنی ڈالی ہے ـ

مجموعه اوراد میں امام الدین راجگیری نے چوبیس گھنٹے کے اوراد و وظائف بیان کئے هیں جس میں خواب سے بیدار هونے ، حوائج

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ضروریہ سے فراغت ، وضو و غسل، اذان و نماز، شب جمعہ و جمعہ ، تہجد ، چاشت، اشراق ، نماز استخارہ ، نماز جنازہ، عیدین وغیرہ کے آداب و ادعیہ ، اوراد سلسلہ قادریہ و شطاریہ ، مراقبہ و اذکار کے آداب و اشغال شامل ھیں ۔ ,, اوراد امام الدین ،، بجا طور پر سلسلہ شطاریہ کا دستور العمل ہے۔

**سلاطین و امراء سے تعلقات :**

صوفیائے سلسلہ سہروردیہ کی طرح شطاری صوفیاء نے بھی سلاطین و امراء سے تعلقات روا رکھے تھے ۔ شاہ عبداللہ شطار کے سلطان غیاث الدین خلجی والی مالوہ سے گھرے مراسم تھے ۔ خود شاہ عبداللہ شطار شاھانہ طمطراق سے زندگی بسر کرتے تھے ۔ شیخ قاضن شطاری کے سلطان حسین شاہ شرقی سے روابط تھے اور سلطان اکثر ان کی خانقاہ میں حاضر ہوا کرتا تھا ۔ جس زمانے میں شیخ قاضن اپنے چھوٹے صاحبزادے شیخ ابوالفتح ھدیۃ اللہ سرمست کی تعلیم باطنی فرما رھے تھے ، اس زمانے میں بھی سلطان حسین ان کی خانقاہ میں حاضر ہوا کرتا تھا ۔ یہ شیخ ابو الفتح کی عمر کا چودھواں سال تھا لہذا والد نے چودہ دن کے طے کے روزے کا حکم دیا تھا (۵۲) ۔ گیارھویں روزے کے دن سلطان حسین خانقاہ میں آیا تھا ۔ شیخ رکن الدین احمد شطاری کا بیان ہے :

چوں یازدہ روزہ طے کردہ بودند کہ دریں ولا سلطان حسین شرقی برائے ملازمت مخدوم آمدہ بود ۔ حضرت شیخ ابو الفتح ھدیۃ اللہ سرمست بر یک ستون تکیہ دادہ بادب ایستادہ بودند نگاہ ظاھر و باطن بامخدوم داشتند چنانکہ از عالم خبر نداشتند ۔ بادشاہ سلطان حسین دید کہ بسیار نحیف از خود رفتہ بحضرت شیخ پیوستہ از خادمان پرسید کہ ایں کودک کیست؟ خادمان بعرض رسانیدند کہ پسر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حضرت شیخ است ، چهارده روزه را طے حکم شده است وایں یازدهم روزه است ـ سلطان حسین عرض نمود که یا حضرت ! در سن صغیر ایں قسم ریاضت باعث ضرر است ـ حضرت مخدوم جواب فرمودند که ایں ریاضت ضرر نمی کند بلک باعث قوت باطن است ـ سلطان آبدیده شد و گفت سبحان الله!خلقت ایں مردم از عالم بیرون است (۵۳)

(جب گیارھواں روزہ تھا اسی وقت سلطان حسین شرقی حضرت مخدوم کی خدمت میں حاضر ہوا ـ حضرت ابو الفتح ھدیۃ اللہ سرمست ایک پایہ پر ٹیک لگائے ہوئے ادب سے کھڑے تھے اور ظاھر و باطن کی نگاہ حضرت مخدوم پر ڈالے ہوئے تھے ، دنیا کی کوئی خبر نہ تھی ـ جب بادشاہ حسین نے دیکھا کہ آپ بہت نحیف و لاغر ہو گئے ھیں اور شیخ کے حضور میں برابر حاضر رھتے ھیں تو خادموں سے پوچھا کہ یہ لڑکا کون ہے ؟ خادموں نے جواب دیا کہ حضرت شیخ کے بیٹے ھیں، چودہ دن کے طے کے روزے کا حکم ہوا ہے اور یہ گیارھواں روزہ ہے ـ سلطان حسین نے عرض کیا کہ اے حضرت ! کمسنی میں اس قسم کی ریاضت نقصان کا باعث ہے ـ حضرت مخدوم نے جواب دیا کہ یہ ریاضت نقصان نہیں کرتی بلکہ قوت باطن عطا کرتی ہے ـ سلطان حسین آبدیدہ ہو گیا اور کہا سبحان اللہ ! ایسے انسانوں کی خلقت دنیا سے باھر ہے ـ)

شہنشاہ ھمایوں شیخ ابوالفتح ھدیۃ اللہ سرمست کا معتقد تھا اور جب ۹۴۶ ھ مطابق ۱۵۳۹ء میں اس نے بنگال فتح کیا تو شیخ ابوالفتح کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور جب آگرہ واپس جانے لگا تو نہایت ادب و آرزو سے آپ کو اپنے ہمراہ لیا ـ اثنائے راہ بادشاہ کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دشمنوں کی نظر لگ گئی اور لشکر میں پراگندگی پھیل گئی مجبوراً شیخ ابو الفتح حاجی پور واپس ھو گئے (٥٤) ۔

جندھا کی خانقاہ میں شیخ ابو الفتح ھدیۃ اللہ سرمست کے زمانے کی ایک پالکی تھی جسے ھمایوں نے کاندھا دیا تھا ۔ یہ پالکی شیخ رکن الدین احمد شطاری کے عہد سجادگی تک موجود تھی ۔ ان کے پردادا شیخ علاء الدین نے اسے بڑے اھتمام سے رکھا تھا مگر جب عوام الناس میں یہ بات پھیلی کہ ھمایوں بادشاہ نے اسے کاندھا دیا تھا تو لوگ بڑے اشتیاق سے اسے دیکھنے آتے تھے ۔ یہ دیکھ کر شیخ علاءالدین نے اسے جلا دینے کا حکم دیا کیونکہ ان کی نظروں میں یہ دوکانداری ھو گئی تھی مگر ان کے صاحبزادے نے مشورہ دیا کہ جلانا مناسب نہیں ہے کیونکہ بزرگوں کا مرکب رھا ہے لہذا اس پالکی کو دوسری جگہ محفوظ کر دیا گیا (٥٥) ۔

ھمایوں، شیخ بہلول برادر شیخ غوث گوالیاری کا بھی معتقد تھا اور ھمایوں نے ان سے شغل شطار سیکھا تھا ۔ ملفوظات شیخ رکن الدین شطاری میں ھمایوں سے منسوب ایک رباعی اور ایک شعر موجود ہے ۔ فرماتے ھیں کہ شغل آئینہ کے دوران ھمایوں نے درج ذیل رباعی موزوں کی تھی (٥٦) ۔

در آئینہ گرچہ خود نمائی باشد　　پیوستہ زخویشتن جدائی باشد
خود را ابمثال غیر دیدن عجب است　　ایں بو العجبی کار خدائی باشد

اسی طرح ایک مکاشفہ کے دوران اس سے یہ شعر سرزد ھوا :

زغصہ غنچہ صفت تہہ بتہہ دلم خوں است
کہ باوجودیکے نسبتے دوئی چوں است

شیخ رکن الدین احمد کا خیال ہے کہ اس دوئی کا رمز یہ تھا کہ ھمایوں اپنی مراد ، مراد حق حاصل کرنا سیکھے ۔ شیر شاہ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہاتھوں جو احوال تغیر پذیر ہوئے اس میں بھی مراد حق کی طرف اشارہ تھا (۵۷) ۔

شاھجہاں اپنے ایام شاہزادگی میں جب باغی ہوا تو بہار پہنچا تھا اس وقت بہت سے مشایخ نے اسے فتح کی بشارت دی تھی جس میں کوئی میاں فیروز پیش پیش تھے ۔ جب شاھجہان کو شکست ہوئی تو وہ دوبارہ پٹنہ آیا اور میاں فیروز سے اپنی نذر کی ہوئی رقم واپس لی ۔ جب معلوم ہوا کہ ان کاتعلق صوفیہ خام سے ہے اور ان کی اصلیت کا پتہ چلا تو انھیں پھانسی کا حکم دیا ۔ شطاریوں میں سے شیخ بدیع الدین شطاری سے بھی اپنی رقم واپس لی (۵۸) ۔

شہزادہ عظیم الشان جو اس وقت بہار کا گورنر تھا شیخ رکن الدین احمد سے ملاقات کا بڑا مشتاق تھا اس نے اپنے خادم خاص محمد عاقل کو اجازت کے لئے بھیجا تھا مگر شیخ رکن الدین نے اجازت نہیں دی (۵۹) ۔ ان کے وصال پر شہزادے نے نذر و نیاز اور ختم قرآن کے لئے ایک حافظ جندھا بھیجا تھا (٦٠) ۔

شیخ محی الدین شطاری کے زمانے میں میرک عطاء اللہ صوبہ بہار کا دیوان تھا اور اکثر جندھا میں ان کی خانقاہ میں حاضر ہوا کرتا تھا ۔ مرحوم کو اشراف اور خصوصاً سادات راجگیر سے اعتقاد خاص تھا ۔ شیخ رکن الدین احمد ایام جوانی میں اس سے بہت قریب تھے (٦١) ۔

فرخ سیر اپنے ایام شاہزادگی میں کئی بار راجگیری آیا اور میر امام الدین سے ملاقاتیں کیں ۔ پٹنہ سے دھلی روانہ ہونے سے قبل بھی وہ اپنی ماں اور سید حسین علی خان کے ہمراہ راجگیر پہنچا تھا اور میر امام الدین سے درخواست کی تھی کہ وہ بھی اس کے ساتھ دھلی چلیں مگر پیرانہ سالی کے سبب میر امام الدین نے معذرت کرلی اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فتح و نصرت کی دعاء دی اور اپنے خلیفہ میر سید تقی قطبی عرف درویش بے ریا کو سلطان کے ساتھ روانہ کیا (٦٢) ۔

مختصراً یہ کہ پندرھویں صدی عیسوی کے ربع آخر سے لے کر اٹھارھویں صدی کے ربع اولی تک بہار اور اس کے نواح میں شطاری صوفیائے کرام رشدو ہدایت اور اس سلسلے کی تعلیمات کو عام کرنے کی کوششوں میں ہمہ تن مصروف تھے ۔ انھوں نے اپنی تبلیغ کے ذریعہ دین کامل کو فروغ دیا اور تصوف و عرفان کی ایسی شمع روشن کی جو ڈھائی سو سال تک پوری آب و تاب کے ساتھ روشن و تابناک رہی اور اس کے بعد بھی طالبان راہ سلوک کو صراط مستقیم دکھاتی رہی ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس سلسلے اور اس کی خدمات پر مزید کام کیا جائے تاکہ عہد وسطی میں بہار کی علمی و تہذیبی تاریخ میں مختلف روحانی سلاسل کے بزرگوں کی خدمات کو صحیح طور پر سامنے لایا جا سکے ۔

## حوالہ جات و حواشی


١ ۔ عبد الرحمن جامی، نفحات الانس ، دھلی ، ١٢٨٤ھ ، ص ٣٨ ۔ ٣٩ .

٢ ۔ میر امام الدین راجگیری ، مناہج الشطار ( مخطوطہ) خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ، نمبر ٤٣٢٢، ورق ٣٣ ب و ٣٤ الف .

٣ ۔ میر سید علی عرف منجھن، معدن الاسرار ملفوظات شیخ محمد قاضن دانشمند (مخطوطہ) کتبخانہ خانقاہ مجیبیہ ، پھلواری شریف ، پٹنہ ۔ باب سی و یکم دربیان مشرب شطار و دین کامل ، ورق ٣٦ ب ۔

٤ ۔ ایضـــاً ۔

٥ ۔ میر امام الدین راجگیری ، ملفوظات رکن الدین شطاری ، (مخطوطہ) خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ ، نمبر ١٨٤٣ و نیز نمبر ٣٠١٠ ۔

٦ ۔ ملفوظات رکن الدین شطاری ، ورق ٣٣ ب ۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۷۔ Khaliq Ahmad Nizami
The Shattari Saints and their attitude towards the State, Medieval India Quarterly, vol. I No. 2, Aligarh, October 1950, p. 56

۸۔ شیخ عبدالحق محدث دهلوی ، اخبار الاخیار ، دهلی ، ۱۳۰۹ھ ، ص ۲۰۱ ۔ ۲۰۲ ۔

۹۔ آثار قدیمه اور قدیم هندوستان کی تاریخ کے ماهرین کا خیال ہے که برتنوں کے جو چمکدار ٹکڑے اس علاقے سے دستیاب هوئے هیں وہ N. B. P یعنی Northern Black Polished Ware Phase سے تعلق رکھتے هیں جس کا زمانه ۶۰۰ سال قبل مسیح سے آغاز عهد مسیح تک ہے۔ ملاحظه هو رام شرن شرما کی کتاب ، Ancient India, New Delhi 1977, P-78۔

۱۰۔ اصل کتبه سنسکرت میں ہے۔ متن اور انگریزی ترجمه کے لئے ملاحظه هو رام اوتار شاستری کا مضمون :
Maner Copper-Plate of King Govinda Chandra Dev of Kannauj, Journal of Bihar and orrisa Research Society, Patna, vol. II 1916, pp. 443-44.

تانبے کے اس دان پتر پر مذکور ترکوں کے ٹیکس سے بعض مورخین اور تذکرہ نگاروں نے یه نتیجه اخذ کر لیا که مسلمان (ترک) بهار اور اس کے نواح میں اس زمانے میں موجود تھے۔ پروفیسر سید حسن عسکری نے ،

Bihar through the ages, edited by R.R. Diwakar, Patna 1959.

کے صفحه ۳۸۱ پر اور طیب ابدالی نے حضرت صوفی فیری کے نثری کارنامے، اله آباد ۱۹۷۷ء کے صفحه ۲۷ پر اس طرف اشارہ کیا ہے۔ حالانکه ترکوں کا ٹیکس دراصل ایک دفاعی تدبیر تھی جو ترک حمله آوروں کو قنوج کا گرهوال راجه ادا کیا کرتا تھا ۔ مزید تفصیل کے لئے ملاحظه هو پال جیکسن کی کتاب ،

The way of a Sufi: Sharfuddin Maneri, Delhi 1987, p-16.

۱۱۔ تعجب ہے که مناقب الاصفیاء مصنفه مخدوم شعیب فردوسی جو مخدوم شرف الدین احمد منیری اور ان کے مشایخ کی سب سے پهلی اور مستند سوانح ہے اس سلسلے میں خاموش ہے اور تاج فقیهه کے منیر آنے کا کوئی تذکرہ اس میں نهیں ہے۔ سب سے پهلا تذکرہ جس میں تفصیل سے ذکر ملتا ہے وہ فرزند علی صوفی منیری کا ترجمه مناقب الاصفیاء موسوم به ,, وسیله شرف و ذریعه دولت" ہے جو ۱۳۱۱ ھ مطابق ۱۸۹۳ء کی تصنیف ہے۔ اب تک اس کے چار ایڈیشن شائع هو چکے هیں ۔ پهلی بار ۱۳۱۳ ھ میں دوسری بار ۱۳۳۳ ھ میں تیسری بار ۱۹۶۱ء اور چوتھی بار طیب ابدالی نے حواشی کے ساتھ مرتب کرکے اله آباد سے ۱۹۶۵ء میں شائع کی۔ سید ضمیر الدین احمد نے سیرت الشرف، پٹنه ۱۹۰۱ء میں مختصراً اس ذکر کو دهرایا ہے۔ طیب ابدالی ، ,,صوفی منیری کے نثری کارنامے " هیں ، ص ۲۸ ۔ ۲۷ پر یهی بات لکھتے هیں ۔ تینوں تذکرہ نگاروں نے تاج فقیهه کو فاتح منیر قرار دیا ہے اور صوفی منیری کا تصنیف کردہ قطعه تاریخ اس کے ثبوت میں دیا ہے :

یافت چوں بر راجه منیر ظفر      داد امام ازدیں جهانے را نوے
هست منقول از بزرگان سلف      سال آں دین محمد شد قوی
۵۷۶ھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دین محمد شد قوی ، پروفیسر سید حسن عسکری نے بھی اپنے ایک مضمون میں جو دواکرکی Bihar through the Ages میں شامل ہے دیا تھا مگر اب ان کا خیال ہے کہ یہ قطعہ تاریخ بہت بعد کی تصنیف ہے لہذا اس پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا ۔

۱۲ ۔ صوفی منیری رقم طراز ہیں ، ,, حاصل کلام حضرت امام تاج فقیہہ کا دل اس کفرستان میں نہ لگا ۔ بعد فتح صاحبزادوں کو اپنی جگہ پر چھوڑ کر وطن کی طرف مراجعت کی ,, وسیلہ شرف و ذریعہ دولت ، ص ٦۷ ۔ حیرت کی بات ہے کہ جس علاقے کو فتح کرنے کے لئے ہزاروں میل کی مسافت طے کرکے اور سفر کی صعوبتیں برداشت کرکے تشریف لائے اسے کفرستان کہہ کر چھوڑ گئے ۔ دراصل صوفی منیری نے مبالغے سے کام لیا ہے اور خوشگوئی بھی کافی کی ہے مگر اسے نباہ نہیں سکے ہیں ۔ اس کتاب کے فاضل مرتب طیب ابدالی نے بھی تحقیق و جستجو سے کام نہیں لیا ورنہ معاملے کی تہہ تک پہنچ سکتے تھے ۔

۱۳ ۔ شیخ شرف الدین احمد منیری کے جد امجد ۔

۱۴ ۔ شیخ محمد قاضن شطاری کے جد اعلی ۔

۱۵ ۔ آپ کے صاحبزادے شیخ سلیمان کاکو ضلع گیا جو منیر سے ۳۵ کیلو میٹر کی دوری پر ہے آباد ہو گئے تھے ۔ آپ کی اولاد اب تک کاکو میں آباد ہے ۔

۱٦ ۔ سیرت الشرف کے مصنف سید ضمیر الدین احمد اس سلسلے میں لکھتے ہیں ، ,, کوئی قابل اعتبار امر اس بارے میں ہاتھ آنا قریب قریب ناممکن ہے ۔ ناقلین نے جو نقلیں لکھی ہیں وہ نہایت مختلف و مخدوش ہیں ۔ ہرگز قابل قبول و لائق تسلیم نہیں کیونکہ جتنی تحریریں اس امر میں ہوئی ہیں وہ مولانا ( تاج فقیہہ) کے بعد کی ہیں ،، ۔ ص ۳۳ ۔ مگر فاضل مصنف نے بھی ,, دین محمد شد قوی ،، والے قطعہ تاریخ کو فتح منیر کے سلسلے میں نقل فرمایا ہے ۔ معین الدین دردائی کا خیال ہے کہ تاج فقیہہ نے اپنے آنے کے چھٹے سال راجہ منیر سے جہاد کیا ۔ ملاحظہ ہو تاریخ سلسلہ فردوسیہ ، ۱۹٦۰، ص ۱۳۹، لیکن دردائی کا بیان اور زیادہ ناقابل قبول ہے انہوں نے کوئی ثبوت بھی اس کے لئے فراہم نہیں کیا ۔ صباح الدین عبدالرحمن ، بزم صوفیہ میں اس سلسلے میں خاموش ہیں البتہ ابو الحسن علی ندوی نے ,, وسیلہ شرف و ذریعہ دولت ،، کی روایت قبول کر لی ہے ملاحظہ ہو تاریخ دعوت و عزیمت ، جلد ۳ ، لکھنئو ۱۹۷۸ء ، ص ۸۷ ۔ ۱۷۷ ۔ مولوی عبدالرحیم صادقپوری کا خیال ہے کہ تاج فقیہہ اپنے پیر شہاب الدین سہروردی کے حسب الارشاد تشریف لائے اور ان کے لشکر میں ساڑھے تین سو آدمی تھے ۔ تذکرہ صادقہ ، الہ آباد ۱۹۲۷ء ، ص ۱۳ ۔ مولوی عبدالرحیم نے بھی زبانی روایت پر یہ بات لکھی ہے ۔

۱۷ ۔ Khalique Ahmad Nizami, Comprehensive History of India, Vol. V, Delhi 1970, pp. 137-38.

۱۸ ۔ Hasan Nishat Ansari, An Inscription from Gaya of V.S.1257 Referring to the Reign of Sultan Mu'izuddin, Journal of Bihar Research Society, Vol. LII, 1966, p-85.

۱۹ ۔ Pal Jaksan The way of a Sufi: Sharfuddin Maneri, p-16.

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۰ ۔ موجودہ شجرہ نسب اور شیخ محمد قاضن شطاری کی اولاد کا نسب نامہ شیخ رکن الدین شطاری (م ۱۰۸۵ء) ملفوظات رکن الدین شطاری میں موجود ہے۔ پروفیسر خلیق احمد نظامی نے تاریخ مشایخ چشت، جلد اول ، دھلی ۱۹۸۰ء کے صفحہ ۱۸۳ پر بہار کے شطاری صوفیاء کا جو شجرہ دیا ہے اسے شیخ محمد قاضن شطاری کے چھوٹے صاحبزادے ابو الفتح ھدیۃ اللہ سرمست سے منسوب کیا ہے حالانکہ یہ سلسلہ بہار میں شیخ محمد قاضن شطاری کے بڑے صاحبزادے شیخ اویس سے جاری ہوا ، جیسا کہ زیر نظر نسب نامے اور مناھج الشطار اور ملفوظات رکن الدین شطاری سے ظاہر ہے۔

۲۱ ۔ گلزار ابرار کے مصنف نے شیخ محمد قاضن کا نام شیخ محمد علا بنگالی تحریر کیا ہے اور لکھتے ھیں کہ آپ شیخ قاضن شطاری کرکے مشہور ھیں ۔ ممکن ہے غوثی شطاری نے شیخ قاضن بن علا کو ایک ھی نام سمجھا ھو ۔ ,, اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ، ص ۲۰۳ ,, ۔

۲۲ ۔ معدن الاسرار ، شیخ محمد قاضن شطاری کے داماد اور خلیفہ میر سید علی المشتھر بہ منجھن دانشمند نے جمع کیا تھا ۔ یہ کتاب سلسلہ شطاریہ کی تعلیمات اور تصوف کے اسرار و رموز کا ایک نادر مجموعہ ہے اور غالباً شاہ عبداللہ شطار کی لطائف غیبیہ کے بعد پہلا شطاری لٹریچر ہے لیکن غوثی شطاری یا کسی دیگر تذکرہ نگار نے اس کا ذکر نہیں کیا ہے۔ بہار میں اس کے دو نسخے موجود ھیں ۔ ایک نسخہ منیر کے شاہ یوسف کی ملکیت ہے اور دوسرا نسخہ کتبخانہ خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف میں ہے۔ اس کا سنہ کتابت ۱۲۳۶ ھ ہے۔ راقم الحروف کو یہ نسخہ حضرت مولانا شاہ محمد امان اللہ قادری علیہ الرحمۃ نے از راہ شفقت مطالعے کے لئے عنایت فرمایا تھا ۔ اللہ ان کے مدارج بلند فرمائے ۔ بہار و بنگال کے علمی و روحانی حلقوں میں یہ کتاب بہت مقبول رھی ہے۔ اس کا ایک نسخہ شیخ عبدالرحیم سور کے پاس تھا ۔ جب راجہ مان سنگھ نے عبدالرحیم سور کو زیر کیا تو اس کا کتبخانہ بھی قبضے میں لے لیا تھا اور معدن الاسرار کا نسخہ شیخ محمد قاضن کی خانقاہ میں اس وقت کے صاحب سجادہ شیخ علاء الدین کو بھجوا دیا تھا ۔ جب شیخ عبدالرحیم سور کے حالات بہتر ھوئے تو اس نے اس کتاب کے لئے تقاضا کیا ، شیخ علاء الدین نے اسے نقل کروا کے شیخ بر مزید کے ذریعہ عبدالرحیم سور کو بھجوا دیا ۔ ملاحظہ ھو ، ملفوظات رکن الدین شطاری ، ورق ۲۵ ب ۔ عبدالرحیم سور کے حالات کے لئے ملاحظہ ھو ڈاکٹر نذیر احمد کا مضمون ، فرھنگ شیر خانی ، غالب نامہ ، دھلی ، جلد ۳ ، شمارہ ۲ ، ۱۹۸۳ء ، ص ۱۱۹ ۔

۲۳ ۔ شیخ زاھد ، ضلع سارن، بہار کے رہنے والے تھے اور وھیں مدفون بھی ھیں ۔ آپ شیخ عیسی جونپوری کے خلیفہ ھیں جن کا سلسلہ دو واسطوں سے شیخ نصیر الدین چراغ دھلی کو پہنچتا ہے ۔ شیخ زاھد اپنے عہد کے مرتاض بزرگ تھے ۔ غوثی شطاری کا بیان ہے کہ ,, آپ کا سرزانوائے مراقبہ کے سوا کچھ جانتا ھی نہیں تھا اور آپ کی آنکھیں گریہ شوق کے علاوہ کچھ پسند ھی نہیں کرتی تھیں ۔ آپ کے سینے میں شورش عشق کے سوا کسی قسم کا خیال نہیں تھا اور آپ کے ضمیر میں یاد مولیٰ کے سوا کوئی بات نہیں آتی تھی ۔ آپ نے زندگی کا تمام زمانہ مراقبہ اور انتظار میں گذارا ۔ اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ، ص ۲۶۲ ۔

۲۴ ۔ معدن الاسرار ، ورق ۳۹ ب ۔ شیخ محمد قاضن شطاری کے بیان سے غوثی شطاری کی اس بات کی تردید ھوتی ہے کہ شاہ عبداللہ شطار کے بیان ، ,, طالبے ھست کہ بیایدتا اورا بخدا راہ نمایم ,,

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پر شاہ محمد قاضن نے انہیں فضول گو کہا تھا ۔ ملاحظہ ہو ,, اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ص ۱۶۳ " ۔

۲۵ ۔ شاہ عبدالحق محدث دہلوی ، اخبار الاخیار ، ص ۲۰۲ ۔ ۲۰۱

۲۶ ۔ آپ کا شجرہ نسب اس طرح ہے کہ شاہ عبداللہ شطار بن حسام الدین بن رشید بن ضیاء الدین بن نجم الدین بن جمال الدین بن شیخ شہاب الدین عمر سہروردی ۔ ملاحظہ ہو ملفوظات رکن الدین شطاری و نیز اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ، ص ۱۶۱ ۔

۲۷ ۔ شاہ عبداللہ شطار کا شجرہ سلسلہ یوں ہے عبداللہ شطار خلیفہ شیخ محمد عارف خلیفہ شیخ محمد عاشق خلیفہ پدر خود شیخ خدا قلی ماور النہری خلیفہ شیخ ابو الحسن عشقی خلیفہ مولانا ابو المظفر ترک خلیفہ شیخ ابویزید اعرابی خلیفہ شیخ محمد مغربی خلیفہ شیخ ابویزید بسطامی ، اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ، ص ۱۶۱ ۔

۲۸ ۔ اخبار الاخیار ، ص ۲۰۲ ۔

۲۹ ۔ ایضاً ۔

۳۰ ۔ مناہج الشطار کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ سلسلہ شطاریہ کی تعلیمات پر شیخ محمد قاضن شطاری کی ایک تالیف اوراد شاہ ابو الفتح تھی جو انہوں نے اپنے چھوٹے صاحبزادے ابو الفتح ہدیۃ اللہ سرمست کے لئے ترتیب دی تھی ۔ راقم الحروف نے اسے بہت تلاش کیا مگر اب تک نہیں مل سکی ۔ اس کتاب سے مختلف ادعیہ و تعلیمات میر امام الدین راجگیری نے مناہج الشطار میں نقل کئے ہیں ۔

۳۱ ۔ Syed Hasan Askary,
A Fifteenth Century Shattari Sufi Saint of North Bihar,
Journal of Bihar Research Society, Vol. XXXVII, Pts. 1-2, 1951, P-76.

۳۲ ۔ Archaelogical Survey of India Report, Vol. XVI.

۳۳ ۔ شاہ دولت منیری سولہویں صدی میں بہار کے ایک عظیم صوفی بزرگ تھے ۔ آپ کا مزار منیر میں ایک عالیشان عمارت میں واقع ہے ۔ حالات کے لئے ملاحظہ ہو اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ، ص ۹۷ ۔ ۵۹۵ ونیز وسیلہ شرف و ذریعہ دولت ص ۳۵ ۔ ۱۲۹ ۔

۳۴ ۔ ملفوظات رکن الدین شطاری ، ورق الف ۔ غوثی شطاری رقمطراز ہیں کہ آغاز جوانی میں آپ پدر بزرگوار کی تلقین سے رہ گئے تھے اور شیخ ظہور حاجی حمید حصور نے آپ کی رہنمائی کی ، ص ۲۲۳ پھر شیخ ظہور حاجی حمید کے بیان میں فرماتے ہیں کہ قاضن شطاری کی رحلت کے بعد مخدوم زادہ حقیقی کی خدمت میں رہ کر جس قدر فیض شاہ قاضن کی خدمت سے باقی رہا تھا حاصل کیا ، ص ۲۲۱ ۔

غوثی شطاری کی اس ژولیدہ بیانی نے مؤرخین کو یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور کیا کہ شاہ ابو الفتح ہدیۃ اللہ سرمست شیخ ظہور حاجی حمید حصور کے خلیفہ تھے حالانکہ معاملہ برعکس ہے ۔ شیخ ظہور حاجی حمید حصور نے شیخ ابو الفتح ہدیۃ اللہ سرمست سے استفادہ کیا تھا اور مجاز بھی ہوئے تھے ۔ ملاحظہ ہو اخبار الاخیار ، ص ۲۸۹ ۔ شیخ ظہور حاجی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حمید حصور اور ان کے خلیفہ غوث گوالیاری کے خدمات کے لئے ملاحظہ ہو پروفیسر خلیق احمد نظامی کا مضمون :

The Shattari Saints and their attitude towards the States Medieval India Quarterly, Vol-I, No. 2, October 1950.

٣٥ ۔ شیخ ابو الفتح ھدیۃ اللہ سرمست کے دو اور خلفاء تھے شیخ تاج الدین شطاری اور شیخ منگن شطاری ملاحظہ ہو ملفوظات رکن الدین شطاری ، ورق ٣ الف ۔

٣٦ ۔ اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ، ص ٢٢٣ ۔

٣٧ ۔ شیخ کمال الدین سلیمان قریشی مصنف گلزار ابرار غوثی شطاری مانڈوی کے پیر تھے ۔ حالات کے لئے ملاحظہ ہو , اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار ، ٣٠٨ ۔ ٣٠٧ ۔

٣٨ ۔ ملفوظات رکن الدین شطاری .

٣٩ ۔ ایضـــاً ۔

٤٠ ۔ ایضـــاً ، ورق ٦٣ الف ۔

٤١ ۔ میر امام الدین راجگیری نے بڑی کاوش سے یہ ملفوظات جمع کئے ہیں اور تاریخ ، سنہ اور وقت ملاقات بھی درج کیا ہے ۔ ٣٧ اوراق کے اس مخطوطے میں انہوں نے کچھ وقفے کے ساتھ ١١٠٣ھ مطابق ١٦٩٢ ء سے ١١١٧ ھ مطابق ١٧٠٥ء تک کے بیانات درج کئے ہیں ۔ چونکہ میر امام الدین راجگیر میں رہتے تھے اور وقتاً فوقتاً اپنے شیخ سے ملنے جندھا جاتے تھے لہذا کچھ وقفوں کا ہونا فطری ہے ۔ دوسرے یہ کہ ملفوظ جمع کرنے کا خیال بھی انہیں دیر سے ہوا ۔

٤٢ ۔ ملفوظات رکن الدین شطاری ، ورق ٢٧ ب

٤٣ ۔ سجادگی کے وقت شیخ محمد شفیع کی عمر کم تھی اسی لئے شیخ رکن الدین نے میر امام الدین کو وصیت کی تھی کہ ،

در حق بابا محمد شفیع مہربانی خواھید کرد

گمان ہوتا ہے کہ شیخ محمد شفیع کی تعلیمات میر امام الدین راجگیری کی نگرانی میں مکمل ہوئیں ۔

٤٤ ۔ شیخ رکن الدین شطاری نے ١٠٦٨ ھ مطابق ١٦٥٧ ء میں میر امام الدین راجگیری کو خرقہ و خلافت عطا کیا ۔ ملاحظہ ہو مناھج الشطار ، ورق ٣٦١ الف ۔

٤٥ ۔ میر سید علی عرف منجھن دانشمند کے جد اعلی میر سید عماد الدین محمد حسنی البغدادی ہندوستان تشریف لائے ، پہلے دھلی پھر جونپور میں قیام پذیر ہوئے ۔ میر منجھن کے والد میر سید محمد جیو دانشمند جونپور سے بہار تشریف لائے اور راجگیری میں قیام پذیر ہوئے ۔ مولوی کریم الدین نے میر سید محمد جیو دانشمند کو سلطان فیروز شاہ شرقی کا داماد اور مخدوم بدر الدین بدر عالم زاھدی کا ہم زلف لکھا ہے ۔ مولوی کریم الدین کا یہ بیان گمراہ کن ہے کیونکہ شرقی سلاطین میں فیروز شاہ نام کا کوئی بادشاہ نہیں گذرا اور مخدوم بدر عالم زاھدی اور میر سید محمد بعدزمانی ہے ۔ مخزن الانساب ، پٹنہ ١٣٣٢ء، ص ١٦ ۔

٤٦ ۔ میر امام الدین کو ان کے والد نے ١٠٩٤ ھ مطابق ١٦٨٣ میں خلافت سے سرفراز کیا ۔ مناھج الشطار ، ٣٦٢ الف ۔

٤٧ ۔ شاہ نعمت اللہ فیروز پوری کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو، مناھج الشطار ورق ٥٩ ب ۔ ٦٣ ب ونیز ملاحظہ ہو عبدالحی ، نزھۃ الخواطر ، حیدرآباد ، ١٩٧٠ء جلد ٥ ، ص ٢٤ ۔ ٢٢٣ ، اعجاز الحق قدوسی ، تذکرہ صوفیائے بنگال ، لاھور ١٩٦٥ ، ص ٢١ ۔ ١٩ ٣ ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۸ ـ مناهج الشطار ، ورق ٦۴ ب ـ
۴۹ ـ اوراد امام الدین راجگیری کا نسخه خانقاه مجیبیه پهلواری شریف کے کتبخانے میں موجود ہے اور مدن الاسرار کے نسخے کے ساتھ مجلد ہے ـ
۵۰ ـ راقم الحروف ملفوظات رکن الدین شطاری کا نسخه خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنه کے لئے ایڈٹ کر رہا ہے ـ
۵۱ ـ اذکار ابرار ترجمه گلزار ابرار ، ص ۱٦۲
۵۲ ـ طے کے روزے کا افطار صرف تین گھونٹ پانی سے ہوتا ہے اور پھر دوسرے روزے کی نیت کر لی جاتی ہے ـ
۵۳ ـ ملفوظات رکن الدین شطاری ورق ۳۸ ب ـ
۵۴ ـ اذکار ابرار ترجمه گلزار ابرار ، ص ۲۲۴ ـ
۵۵ ـ ملفوظات رکن الدین شطاری ، ورق ۷ ب ـ
۵٦ ـ ایضاً ، ورق ۱۵ الف ـ دیوان همایوں بادشاه ، مخطوطه خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، ایکسیشن نمبر ۱۲۵۹ ، ورق ۲۱ الف پر اس رباعی کا دوسرا شعر موجود ہے ـ دیوان همایوں کا یه نسخه نامکمل ہے ـ
۵۷ ـ ایضاً ، ورق ۳۵ ب
۵۸ ـ ایضاً ـ
۵۹ ـ ایضاً ، ورق ۳۵ الف
٦۰ ـ ایضاً ، ورق ۳۷ ب ـ
٦۱ ـ ایضاً ، ورق ۱٦ الف
٦۲ ـ مخزن الانساب ، ص ۱۸ و نیز ص ۳۷ ـ

© rasailojaraid.com